اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# اجتماع دعائے حاجات والے دن کے اعلانات

☆معمول کے اعلانات میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات کئے جائیں۔

(1) الحمدُلِلّٰہ! ہم دعوت اسلامی کے زیر اہتمام" **اجتماع دعائے حاجات** "میں حاضر ہیں۔
**پیاری اسلامی بہنو!** جب کسی کا بچہ بیمار ہو جائے، کوئی بے روز گار یا قرضدار ہو، حادثے کا شکار ہو جائے، چور یا ڈاکو مال لے کر فرار ہو جائے، کاروبار میں نقصان سے ہمکنار ہو جائے کوئی چیز گم ہو جانے کے سبب بے قرار ہو جائے، الغرض کسی طرح کی بھی پریشانی سے دو چار ہو جائے، اُس کی دلجوئی کرنا، اسے تسلی دینا بہت بڑے ثواب کا کام ہے۔ چنانچہ حُسنِ اخلاق کے پیکر، رسولِ انور، صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ارشادِ روح پرور ہے: جو کسی غمزدہ شخص سے تعزیت کرے گا، اللہ پاک اُسے تقویٰ کا لباس پہنائے گا اور روحوں کے درمیان اس کی روح پر رحمت فرمائے گا اور جو کسی مصیبت زدہ سے تعزیت کرے گا، اللہ اسے جنت کے جوڑوں میں سے دو ایسے جوڑے پہنائے گا، جن کی قیمت (ساری) دنیا بھی نہیں ہو سکتی۔ (المعجم الاوسط، ج۶، ص۴۲۹، الحدیث ۹۲۹۲) **(6 تا 9 اگست 2016 شوری کا مدنی مشورہ)**
آیئے! نیت کرتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ پریشان حالوں کی غم خواری کر کے خوب خوب اجر و ثواب حاصل کریں گے۔

(2) جو اسلامی بہنیں پریشانی و آفات میں مبتلا ہیں وہ ان کے حل کے لئے روحانی علاج کے بستے سے تعویذات حاصل فرمائیں (اس ڈسٹرکٹ (اورسیز میں کابینہ) / تحصیل (اورسیز میں ڈویژن) میں لگنے والے اسلامی بہنوں کے بستے کا مقام اور وقت بتایا جائے) اور اس کے ساتھ ساتھ دعوت اسلامی کی ویب سائٹ پر **"آن لائن کاٹ"** اور **"آن لائن استخارہ"** کے ذریعے بھی فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔

(3) گھر کے محارم کو 3 دن / 12 دن / ایک ماہ کے قافلے میں سفر کرنے کی ترغیب دلایئے۔ الحمدُلِلّٰہ قافلے میں سفر کی برکت سے دعائیں قبول ہوتیں، مصیبتیں، آفات، بلائیں ٹلتیں، بیماریاں، بے روز گاریاں، گھریلو ناچاقیاں دور ہوتی ہیں۔

(4) **پیاری اسلامی بہنو!** آج کے **دعائے حاجات** اجتماع کے اعتبار سے مشکلات کے حل کے روحانی علاج اور وظائف سے متعلق کتب و رسائل مکتبۃ المدینہ پر موجود ہیں۔

الحمدُلِلّٰہ! ☆مدنی پنجسورہ ☆گھریلو علاج ☆ تنگدستی اور اس کے اسباب ☆چڑیا اور اندھا سانپ ☆ زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی ☆ بیمار عابد ☆ 40 روحانی علاج ☆ مینڈک سوار بچھو ☆ یہ وقت بھی گذر جائے گا۔☆ آدابِ دعا ☆ خود کشی کا عذاب (مذکورہ رسائل کی زیارت بھی کروائی جائے اور اس کا ہدیہ بھی بتایا جائے نیز خریدنے کی ترغیب بھی دلائی جائے)

(5) " ماہنامہ فیضانِ مدینہ " دعوتِ اسلامی کا ہر مہینے شائع ہونے والا میگزین ہے۔ اس میں ہر مہینے 40 سے زیادہ مختلف اور دلچسپ مضامین شامل کیئے جاتے ہیں۔ اس ماہنامہ میں ہر مہینے میں آنے والے بزرگوں کے عرس اور دیگر مذہبی تہواروں کے متعلق اہم معلومات پڑھنے کو ملتی ہیں۔ ہر مہینے قرآن پاک کی تفسیر، حدیث پاک کی شرح، گھریلو مسائل کا حل، طرح طرح کے شرعی مسائل کے جوابات، ایک صحابی/رسول کی سیرت، ایک صحابیہ یا ولیہ کی سیرت اور بہت کچھ صرف ایک "ماہنامہ فیضانِ مدینہ" میں موجود ہوتے ہیں۔ اس ماہنامہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں اسلامی بہنوں اور بچوں کی دینی تربیت کے لئے الگ الگ مضامین شامل ہوتے ہیں۔ بچوں کے لیئے پیاری پیاری کہانیاں، سوال جواب اور حروف ملانے والی گیم بھی شامل ہوتی ہے۔ اس کی سالانہ بکنگ کروانے والوں کے لیے ہمارے پیر و مرشد امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ نے بہت سی دعائیں بھی دی ہیں، تو جلدی کیجئے ولی کامل کی دعاؤں سے حصہ پانے کے لیئے آپ بھی آج ہی "ماہنامہ فیضانِ مدینہ" کی سالانہ بکنگ کروالیجئے"۔ یہاں اجتماع میں ماہنامہ فیضانِ مدینہ کا اسٹال بھی لگا ہوا ہے۔
دعائے عطار! ☆" یا اللہ جو کوئی ماہنامہ فیضانِ مدینہ کی اپنے لیئے بکنگ کرائے یا کسی دوسرے پر انفرادی کوشش کر کے بکنگ کروائے اسے دونوں جہاں کی بھلائیاں نصیب فرما اور اس کی حلال روزی میں خوب برکتیں عطا فرما اور اس کی بے حساب بخشش فرما"۔☆" یا اللہ! جو کوئی جس طرح بھی جائز طریقے سے 12 ماہ تک "ماہنامہ فیضانِ مدینہ" حاصل کرے، اس کو پل صراط سے آسانی سے پار ہونا نصیب فرما" اٰمِین بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن

(6) **پیاری اسلامی بہنو!** آج چونکہ کثیر اسلامی بہنیں اس **دعائے حاجات** اجتماع میں موجود ہیں ہو سکتا ہے کہ آپ میں سے کوئی آج پہلی بار تشریف لائی ہوں آیئے ہم سب نیت کر لیتے ہیں کہ کم از کم 12 ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت کریں گے۔۔۔ **ان شآءَ اللہ الکریم**
اور کچھ ایسی اسلامی بہنیں بھی آج آئی ہوں گی جو پہلے آتی تھیں، دینی کاموں میں عملاً شامل ہوتی تھیں لیکن اب کسی بھی وجہ سے محرومی ہے تو وہ بھی نیت فرمالیں کہ ہم نہ صرف اجتماع کی پابندی کریں گے بلکہ اپنی سہولت کے مطابق وقت

دے کر دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں میں پھر شامل ہو جائیں گی۔ اس سلسلے میں اپنی ذمہ دار اسلامی بہنوں سے اجتماع کے بعد ضرور رابطہ فرمائیں اور اپنی نیت پیش کیجئے۔

﴿7﴾ پیاری اسلامی بہنو! آپ کئی ایسی اسلامی بہنوں کو جانتی ہوں گی جو مشکلات، پریشانیوں میں گھِری ہوئی ہیں اور سب آج حاضر بھی نہیں ہیں آپ اُن کے نام بتا دیجئے تاکہ ہماری ذمّہ داران اُن سے مُلاقات کر سکیں۔